# سیکرٹری (CPV & OIA) کا دورۂ مصر

03 مئی، 2023

03 مئی 2023 کو قاہرہ میں ہندوستان-مصر فارن آفس کنسلٹیشنز (FOC) یا دفتر خارجہ مشاورت کا 12واں دور منعقد ہوا۔ مشاورت کی صدارت مشترکہ طور پر ڈاکٹر اوصاف سعید، سکریٹری (CPV اور OIA) اور مصر کی وزارت خارجہ میں معاون وزیر خارجہ برائے ایشیائی امور عزت مآب محترم ایمن کامل نے کی۔ FOC کا آخری دور دسمبر 2015 میں نئی دہلی میں ہوا تھا۔

2. دورے کے دوران سکریٹری (CPV & OIA) نے نائب وزیر خارجہ برائے افریقی امور سفیر حمدی لوزا کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ بھی کی اور ہندوستان-مصر دو طرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے لیگ آف عرب اسٹیٹس کے اسسٹنٹ سکریٹری جنرل سفیر خالد المنظلوی سے بھی ملاقات کی اور ہندوستان اور عرب دنیا کے ممالک کے درمیان تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی بات چیت کی۔ سکریٹری (CPV & OIA) نے مشن کے ذریعہ منعقدہ ایک تقریب میں ہندوستانی برادری کے اراکین سے بھی گفت و شنید کی۔

3. مشاورت کے دوران، دونوں فریقوں نے سیاسی، تجارت اور کامرس، سرمایہ کاری، ترقیاتی شراکت داری، صلاحیت کی تعمیر، ثقافت اور عوام سے عوام کے روابط کا احاطہ کرتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا۔ انہوں نے ہندوستان اور مصر کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور کثیر جہتی فورموں میں تعاون کو فروغ دینے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریق نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی مسائل بشمول موسمیاتی تبدیلی، لچکدار سپلائی چین اور ہندوستان کی G20 صدارت کے تحت گلوبل ساؤتھ کی شرکت پر تبادلہ خیال کیا۔

4. دونوں فریق نے مشاورت کا اگلا دور نئی دہلی میں باہمی طور پر مناسب تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

**قاہرہ**

**03 مئی 2023**